مسجد کے جنریٹر سے محلے کے گھروں میں لائٹ دینا

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2897

تاریخ اجراء: 15 محرم الحرام 1446ھ / 22 جولائی 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ کیا مسجد کے جنریٹر کی لائٹ، باہر محلے کے گھروں میں دے کر ان سے ماہانہ اخراجات لے کر مسجد کی آمدنی کم ہونے کی بناء پر مسجد میں وہ پیسے استعمال کر سکتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر وہ جنریٹر مسجد پر مسجد کے استعمال کے لئے وقف ہے تو اسے کرایہ پر لینا، دینا یا اس کی بجلی کسی کو کرایہ پر دینا حرام ہے، کیونکہ جو چیز جس غرض کے لئے وقف کی گئی، دوسری غرض کی طرف اسے پھیرنا، ناجائز ہے۔ ہاں البتہ اگر مسجد کا وہ جنریٹر کرایہ پر دینے کے لئے وقف ہو کہ اسے یا اس کا پاور کرایہ پر سپلائی کیا جائے تو کرایہ لے کر خود جنریٹر کرایہ پر دینا یا اس کی بجلی گھروں میں پہنچانا جائز ہو گا۔

مسجد کی چیزیں کرایہ پر دینے کے متعلق فتاوی رضویہ میں سیدی اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”باقی چیزیں مثلاً لیمپ، فرش، دری، چٹائی، اور یونہی بتی بھی، اگر اس سے مراد خالی شمعدان ہو اگرچہ اپنی ذات میں قابل اجارہ ہیں، مملوک ہوں تو مالک اجارہ پر دے سکتا ہے، **کرایہ پر دینے کے لئے وقف ہوں تو متولی دے سکتا ہے مگر وہ جو مسجد پر اس کے استعمال میں آنے کے لئے وقف ہیں انہیں کرایہ پر دینا لینا حرام کہ جو چیز جس غرض کے لئے وقف کی گئی دوسری غرض کی طرف اسے پھیرنا ناجائز ہے** اگرچہ وہ غرض بھی وقف ہی کے لئے فائدہ کی ہو کہ شرط واقف مثل نص شارع صلی اللہ تعالی علیہ وسلم واجب الاتباع ہے۔“ (فتاوی رضویہ، ج16، ص451،452، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

مدرسے کا جنریٹر مسجد میں استعمال کرنے کے متعلق فتاوی فقیہ ملت میں ہے: ”اگر وہ جنریٹر مدرسہ کے لئے وقف ہے تو اس کی روشنی مسجد میں پہنچانا جائز نہیں۔ اور اس سے اذان دینا بھی جائز نہیں کہ یہ وقف میں بیجا تصرف ہے جو حرام ہے۔ **اور اگر وہ اس لئے وقف ہو کہ مدرسہ میں کام آئے اور اسے یا اس کا پاور کرایہ پر سپلائی کیا جائے تو کرایہ**

لے کر اس کی روشنی مسجد میں پہنچانا اور اس سے اذان دینا دونوں جائز ہے۔“(فتاوی فقیہ ملت، ج02، ص167، شبیر برادز، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net